© rasailojaraid.com



جلسہ کا اہتمام بھی فرماتے رہے جس میں اکابرین وقت خصوصاً مولانا درخواستی ،مولانا ہزاروی، مولانا دینپوری اور مولانا عبدالحق رحمھم اللہ جیسی عبقری شخصیات شرکت کرتے رہتے۔نماز جنازہ نوشہرہ میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب نے پڑھایا اوران کے علمی اور تحقیقی خدمات کوخراج تحسین پیش کیا۔ جنازہ میں جید علمائے کرام سمیت مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی اور نائب مہتمم و دیگر نے شرکت کی۔

## سابق سینیٹر قاری محمد عبداللہ کی دارالعلوم آمد

گزشتہ دنوں کتاب دوست اور علم دوست شخصیت حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب سے مختلف علمی اور تحقیقی موضوعات پر گفتگو کی اور مدیر الحق سمیت دیگر ساتھیوں سے مطالبہ کیا کہ مولانا سمیع الحق صاحب کی نئی کتاب ''خطبات مشاہیر'' کی تقریب رونمائی کیلئے حضرت مولانا مفتی تقی عثمانی صاحب کو دعوت دیں گے۔

## مولانا عرفان الحق حقانی صاحب کے فرزند محمد ارحم سلمہ کی پیدائش

اللہ تعالیٰ کے فضل وعنایت سے گلستان خانوادہ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحبؒ میں ۱۵ جنوری ۲۰۱۵ء کو مولانا عرفان الحق حقانی بن ناظم اعلیٰ الحاج مولانا اظہار الحق دام ظلہ کے ہاں دوسرے فرزند کے پیدائش پر ایک اور پھول کا اضافہ ہوا والحمد لله علی ذالك جس سے خاندان بھر میں خوشیوں کی بہار آگئی، نومولود کا نام محمد ارحم الحق رکھا گیا تاہنوز مبارک باد کا سلسلہ جاری ہے،۲۱ ویں روز عقیقہ اور ستائسویں روز ختنہ کی سنتیں ادا کی گئیں ،اللہ تعالیٰ عز وجل سے دعا ہے کہ حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق مدظلہ کے اس نواسے کو اسم بامسمیٰ بنا کر اپنے جد اعلیٰ شیخ الحدیث قدس سرہ کی طرح علم وعرفان ،طوالت عمر اور عمل صالح کے برکات سے مالا مال فرمائے، آمین بجاہ النبی الکریم ﷺ۔

## کتب خانے کی توسیع:

جامعہ حقانیہ کا کتب خانہ تقریباً چودہ برس قبل احاطہ ایوان شریعت (دارالحدیث) کے گراونڈ فلور پر واقع مغربی جانب کے ہال میں منتقل کیا گیا تھا،اپنی وسعت کے باوجود یہ ہال تنگ دامنی کا شکوہ کرتا نظر آرہا تھا، گزشتہ ماہ مولانا عرفان الحق ،مدرس دارالعلوم کی تجویز پر ہال کے سامنے برآمدے کو بھی حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی منظوری پر کتب خانے کا حصہ بنادینے کا فیصلہ صادر ہوا،جس کی رو سے کتب خانہ کی مشرقی دیوار کو منہدم کیا گیا۔اور اب کتب خانہ کا رقبہ ڈبل ہوگیا ہے رسائل وجرائد کے لئے بھی کتب خانہ میں ایک مستقل گوشہ مختص کیا گیا۔

© rasailojaraid.com